© rasailojaraid.com

# ضروری ہدایات برائے مدارس

1 تمام رقوم بذریعہ آن لائن وفاق المدارس کے اکاؤنٹ 05040101001930 2 مسلم کمرشل بینک ملتان کینٹ برانچ میں بھجوائیں۔آن لائن کی اصل رسید داخلہ فارموں کے ساتھ دفتر وفاق کو بھجوانا لازمی ہے۔

آن لائن کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں ڈرافٹ یا منی آرڈر کے ذریعے بھی رقوم بھجوا سکتے ہیں۔منی آرڈر کا

2 فارم نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق پُر کریں۔منی آرڈر فارم کے سب سے نچلے حصہ (کوپن والی جگہ) پر رقم بھیجنے کی مکمل تفصیل لکھیں۔منی آرڈر فارم کے دوسری طرف نچلے حصے (منی آرڈر بھیجنے والے کا نام اور پتہ) کی جگہ پر مدرسہ کا مکمل پتہ اور الحاق نمبر درج کریں۔گھر کا پتہ ہرگز نہ لکھیں۔

3 لفافے میں نقد رقم ہرگز نہ بھیجیں۔آن لائن کی رسید،اصل ڈرافٹ یا منی آرڈر کا کوپن اور کوائف نامہ داخلہ فارم کے ساتھ لف کریں ورنہ داخلہ مسترد کر دیا جائے گا۔

4 بعض مدارس کئی مدارس کی رقم اکٹھی ارسال کرتے ہیں۔تاکید کی جاتی ہے کہ ہر مدرسہ اپنی رقم علیحدہ دفتر کو ارسال کرے۔

5 بعض مدارس اصل ڈرافٹ کی بجائے ڈرافٹ کی فوٹو کاپی ارسال کرتے ہیں۔اصل ڈرافٹ داخلہ فارم کے ساتھ بھجوانا لازمی ہے۔ورنہ داخلہ مسترد ہوگا۔

# ہدایات برائے الحاق و ترقی الحاق

6 نئے الحاق/ترقی الحاق کے لئے الحاق فارم (بمعہ معائنہ رپورٹ ضلعی مسئول یا رکن مجلس عاملہ) کے ساتھ مطلوبہ درجہ کی الحاق فیس،سالانہ فیس اور ماہنامہ وفاق کی قیمت بیک وقت بھیجنا ضروری ہے۔

7 ترقی الحاق سے مراد یہ ہے کہ پہلے مدرسہ کا الحاق درجہ تحفیظ/متوسطہ یا ثانویہ یا عالیہ میں تھا اور اس سے اگلے درجہ میں ترقی الحاق کروانا چاہتے ہیں۔ترقی الحاق کے لئے سابقہ اصل سند الحاق،ترقی الحاق فیس اور وفاق کے ضلعی مسئول یا رکن مجلس عاملہ کی معائنہ رپورٹ کے ساتھ الحاق فارم دفتر وفاق کو ارسال کریں۔

یکم ربیع الاول سے پہلے اپنے مدرسہ کا ترقی الحاق کروالیں۔ترقی الحاق کی فیس درج ذیل ہے۔

حفظ/متوسطہ سے درجہ ثانویہ (200) ثانویہ سے عالیہ (800) عالیہ سے عالمیہ (500) سو روپے ہوگی۔

8 درجات کتب میں الحاق کرانے والے مدارس معائنہ رپورٹ میں معائنہ کنندہ سے اپنے قریبی سنٹر کی سفارش بھی لکھوائیں۔

9 مدرسہ کے نام یا مستقل پتہ کی تبدیلی کے لئے سابقہ اصل سند الحاق اور مسئول کی تصدیق کے ساتھ مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر درخواست بھجوائیں۔الحاق سند کی گمشدگی کی صورت میں متعلقہ تھانہ کی ایف آئی آر بھی ضروری ہے۔

مذکورہ دونوں صورتوں میں متعلقہ درجہ الحاق کی ڈبل فیس ادا کرنا ہوگی۔

© rasailojaraid.com